★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta
جلد نمبر 27.....شمارہ نمبر 365 بروز بدھ 30 ستمبر 2026ء 17 ربیع الثانی 1448ھ..... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان.....ایڈیٹر: ایم ایس خان

کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے قاضی عبدالسلام لائبریری فیز ٹو کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

چمن (خ ن) سپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے قاضی عبدالسلام لائبریری فیز ٹو کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلوئی، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر حاجی عطاء اللہ خان اچکزئی، ڈپٹی میئر میونسپل کارپوریشن مطیع اللہ خان اچکزئی سمیت ادیبوں، شاعروں، دانشوروں اور علم و ادب سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر علم و ادب سے وابستہ حلقوں نے لائبریری فیز ٹو کے قیام اور افتتاح کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے سپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کا شکریہ ادا کیا۔

مٹھڑی، تیز رفتار مزدا ٹرک اور ویگن کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 7 افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) مٹھڑی کے علاقے میں تیز رفتار مزدا ٹرک اور ویگن کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 7 افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مٹھڑی کے قریب تیز رفتار مزدا ٹرک اور ویگن میں تصادم کے نتیجے میں اللہ داد، شفیق، گلاب، نعمت خان، ولی محمد سمیت 2 نامعلوم افراد زخمی ہو گئے زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف کا بارکلیز، جے پی مورگن، سٹی، بلیک راک اور روتھ شیلڈ کے اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں، پاکستان میں سرمایہ کاری اور مالیاتی تعاون بڑھانے پر گفتگو

شہباز شریف کی عالمی مالیاتی اداروں سے ملاقاتیں، پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت

ملاقاتوں کے دوران عالمی مالیاتی اداروں کے نمائندوں نے پاکستان میں جاری معاشی اصلاحات میں پیش رفت کے حوالے سے اعتماد کا اظہار ملک کے مالیاتی شعبے کے ساتھ تعاون اور روابط مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

لندن (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے برطانیہ کے دورے کے دوران لندن میں دنیا کے بڑے مالیاتی اداروں کے اعلیٰ حکام سے الگ الگ ملاقاتیں کیں، جن میں پاکستان کے معاشی اصلاحاتی پروگرام، مالیاتی استحکام، سرمایہ کاری کے مواقع اور عالمی مالیاتی شعبے کے ساتھ تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے بارکلیز کے ہیڈ آف پرائیویٹ بینک اینڈ ویلتھ مینجمنٹ یو کے محمد کمال سید سے ملاقات کے دوران پاکستان میں بینک کی دلچسپی کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے حکومت کی جانب سے معاشی استحکام کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے بارکلیز کو پاکستان کے مالیاتی شعبے اور کاروباری مواقع میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ جے پی مورگن کے شریک چیف ایگزیکٹو (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی سکیورٹی صورتحال کے باعث لاگ سکتی ہے، لاگ مارچ جائز نہیں، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کرنے کی ضرورت پیش آئی تو اس کی وجہ صوبے کی سکیورٹی صورتحال ہوگی، تحریک انصاف کا لانگ مارچ اس کا سبب نہیں ہو (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ممتاز قبائلی شخصیت ملک میر واکس خان کاسی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ممتاز قبائلی شخصیت ملک میر واکس خان کاسی کے انتقال پر ان کے گھر گئے اور لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں تاجروں اور کاروباری حضرات کا کلیدی کردار ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں تاجروں اور کاروباری حضرات کا کلیدی کردار ہے۔ تاجروں اور صنعتکاروں کی معاشی و تجارتی سرگرمیوں سے نہ صرف کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملتا ہے بلکہ ملکی معیشت کا (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

میٹرو ٹرین سروس کو مستقبل میں دو ٹرینوں تک وسعت دی جائے گی جبکہ سروس کو پشین، بوستان اور مستونگ تک توسیع دینے کے لیے بھی اقدامات کئے جائیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

منصوبے کا مقصد شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور کم لاگت سفری سہولت فراہم کرنا ہے اس منصوبے سے عام آدمی، مزدور، طلبہ اور پیشہ ور افراد سب سے زیادہ مستفید ہوں گے، وفاقی وزیر ریلوے

کوئٹہ میں پہلی جناح پیپلز میٹرو بس کا افتتاح

خصوصی افراد اور بزرگوں کیلئے مفت سفر

تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ سمیت صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، چیئرمین پاکستان ریلویز، چیف سیکرٹری بلوچستان اور اعلیٰ اعلیٰ حکام اور سیاسی جماعتوں کے نمائندگان بھی موجود تھے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں پہلی جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر بزرگ شہریوں اور خصوصی افراد کے لیے مفت سفری سہولت فراہم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ میٹرو ٹرین سروس کو مستقبل میں دو ٹرینوں تک وسعت دی جائے گی جبکہ سروس کو پشین، بوستان اور مستونگ تک توسیع دینے کے لیے بھی اقدامات کئے جائیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی کے ہمراہ منگل کو یہاں جنا (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی ملاقات کر رہے ہیں

محمود خان اچکزئی کی نیدرلینڈ کے سفیر سے ملاقات

پاک۔نیدرلینڈ تعلقات اور جمہوریت سمیت باہمی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے نیدرلینڈ کے سفیر رابرٹ جان سیگھرت سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور نیدرلینڈ کے درمیان دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون کے فروغ، جمہوریت اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان حسین احمد (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

ماریہ دانیال نے اپنی بہن کی جانب سے ان کے شوہر پر ان پر تشدد پر لگائے گئے الزامات کو مسترد کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کی رہائشی ماریہ دانیال نے اپنی بہن کی جانب سے ان کے شوہر پر ان پر تشدد پر لگائے گئے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ میری بہن روز اول سے ہی میری شادی کے خلاف تھی اور اب بھی مجھ پر دباؤ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

ہر نامناسب یا ناپسندیدہ رویہ جنسی ہراسگی کے زمرے میں نہیں آتا، وفاقی آئینی عدالت

ہراسگی قانون کا مقصد خواتین اور مردوں کو کام کی جگہ پر جنسی ہراسگی سے تحفظ دینا ہے، فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی آئینی عدالت نے کہا ہے کہ ہراسگی قانون کے تحت کارروائی کیلئے جنسی نوعیت کا عنصر ضروری ہے، ہر نامناسب یا ناپسندیدہ رویہ جنسی ہراسگی کے زمرے میں نہیں آتا۔ اپیلوں کی سماعت چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کی۔ اٹھارہ صفحات پر مبنی تفصیلی فیصلہ جسٹس علی باقر نجفی (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

بیڈمنٹن اوپن ٹورنامنٹ فیاض سنٹل شہید پولیس لائنز کوئٹہ میں اختتام پذیر کوئٹہ پولیس چیمپئن قرار

کوئٹہ (آن لائن) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس اپنے فرائض کی بجا آوری کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں بھی نمایاں کامیابی حاصل کر کے اپنا نام روشن کر رہی ہے۔ ہم نوجوانوں کو ڈیوٹی کے علاوہ کھیلوں سمیت غیر سماجی سرگرمیوں کے مواقع بھی فراہم (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

سرفراز بگٹی کی ہدایت پر محمد عیسیٰ کا علاج سرکاری خرچ پر جاری

محمد عیسیٰ کراچی کے ضیاء الدین اسپتال میں زیر علاج ہیں، شاہد رند

حکومت کھیلوں سے وابستہ شخصیات کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر سابق انٹرنیشنل فٹ بالر محمد عیسیٰ کا علاج سرکاری اخراجات پر شروع کر دیا گیا ہے۔ معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے بتایا کہ سابق انٹرنیشنل فٹ بالر محمد عیسیٰ کراچی کے ضیاء الدین اسپتال میں زیر علاج ہیں اور ان کے علاج کے لیے حکومت بلوچستان نے (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت بلوچ کی عیادت کر رہے ہیں

قرضوں، عوامی آگاہی اقدامات اور درپیش رکاوٹوں کے حوالے سے اپنی کارکردگی رپورٹ پیش کرینگے، اجلاس سے خطاب

اپنا گھر پروگرام کم اور متوسط آمدنی والے افراد کیلئے اہم سہولت ہے، جعفر مندوخیل

بینکوں کی جانب سے قرضوں کی فراہمی کے عمل میں بلوچستان کے عوام پر دیگر صوبوں کے برابر ٹیکسز کا اطلاق یقینی بنایا جائے

بلوچستان میں بہت سے لوگ بینکنگ سسٹم، قرضوں کے طریقہ کار، مطلوبہ دستاویزات اور درخواست جمع کرانے کے مراحل سے نابلد ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور تمام کمرشل بینکوں کے ریجنل ہیڈز کی گورنر ہاؤس کوئٹہ میں میٹنگ بلائی جس میں وزیراعظم پاکستان کے "اپنا گھر پروگرام" کے تحت عوام کو فراہم کیے جانے والے ہاؤسنگ فنانس، قرضوں کے حصول کے طریقہ کار اور دیگر اصلاح تک وسعت دینے اور اس اسکیم سے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو مستفید کرنے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران گورنر بلوچستان نے کہا کہ بینکوں کی جانب سے قرضوں کی فراہمی کے عمل میں بلوچستان کے عوام پر دیگر صوبوں (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

اسٹیٹ بینک اور بینکوں کے نمائندوں کا گورنر ہاؤس میں اجلاس

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جناح پیپلز میٹرو ٹرین منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ (سٹی) اور مجسٹریٹ سٹی کا عوامی شکایات کا نوٹس

زائد قیمت پر روٹی فروخت کرنے اور کم وزن میں ملوث 10 تندور مالکان گرفتار

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ (سٹی) محمد امیر حمزہ اور مجسٹریٹ سٹی نے عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سب ڈویژن سٹی کے مختلف علاقوں سیٹلائٹ ٹاؤن، منی مارکیٹ، ڈبل روڈ، مری آباد اور عالم دار روڈ میں پرائس کنٹرول کارروائیاں کیں۔ کارروائی کے دوران مقررہ نرخوں سے زائد قیمت پر روٹی فروخت کرنے اور کم وزن میں ملوث 10 تندور مالکان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے واضح کیا ہے کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے پرائس کنٹرول کارروائیوں کا (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

محکمہ خوراک کا ٹھٹھہ میں آٹا سبسڈی پروگرام کا آغاز

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی جناح پیپلز میٹرو ٹرین کی افتتاحی تقریب میں قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

افغانستان میں پائیدار امن کیلئے عسکریت پسندانہ سوچ سے نکل کر ذمہ دار ریاست کا طرز عمل اپنانا ہوگا، خطاب

افغانستان میں پائیدار امن کیلئے ذمہ دار ریاست کا طرز عمل ضروری ہے، عطا تارڑ

پاکستان امن، مذاکرات اور پُرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے، افغان مسئلے کا قابل قبول اور دوستانہ حل چاہتے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ افغانستان کی صورتحال ایک انتہائی پیچیدہ معاملہ ہے جس کے پائیدار حل کے لیے سنجیدہ مذاکرات، ذمہ دارانہ طرز عمل اور پُرامن بقائے باہمی ضروری ہے۔ پاکستان امن، مذاکرات اور خطے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

کھڈ کوچہ کے علاقے میں نامعلوم ملزمان نے مقامی ہوٹل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

کوئٹہ (آن لائن) کھڈ کوچہ کے علاقے میں نامعلوم ملزمان نے مقامی ہوٹل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا جس کے نتیجے میں ہوٹل کی عمارت اور قریبی ٹیوب ویلز کے سینکڑوں سولر (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

چاغی میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، 2 دہشت گرد ہلاک

نوکچہ میں ایک خالی واٹر باؤزر کو آگ لگانے کے بعد فرار ہونے کی کوشش کی تھی

راولپنڈی (آن لائن) بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، ضلع چاغی کے علاقے نوکچہ میں ایک مؤثر کارروائی کے دوران دو دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران دہشت گردوں کی تخریبی سرگر (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

اہم سیاسی ملاقات، پیپلز پارٹی کو آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کی دعوت

اسلام آباد (آن لائن) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے وفد نے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکریٹریٹ اسلام آباد (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی آئی ایم ایف وفد سے اہم ورچوئل ملاقات

ملکی معیشت اور مالیاتی امور سے متعلق اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان جاری اقتصادی جائزے کے سلسلے میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف وفد کے ساتھ ورچوئل اجلاس میں شرکت کی، جس میں ملکی معیشت اور مالیاتی امور سے متعلق اہم معاملا (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کی ملاقات کا شیڈول طے کرنے کا فیصلہ

چارٹر آف ڈیمانڈ اور الیکشن کمیشن کی تقرری سمیت اہم معاملات زیر بحث آنے کا امکان

اسلام آباد (آن لائن) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان تعلقات میں بہتری اور اہم معاملات کو افہام و تفہیم کے ذریعے آگے بڑھانے کے لیے وزیراعظم محمد شہباز شر (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

حکومت اپنے مزدوروں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی، رانا تنویر حسین

چھالے ضرور ہیں، لیکن انہی ہاتھوں سے اس قوم کا روشن مستقبل تعمیر ہو رہا ہے

مانانوالہ (آن لائن) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ حکومت اپنے مزدوروں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی، مزدوروں کی فلاح و بہبود ریاست کی (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

وزارتوں کو تحلیل کرنے کرنے کے حوالے سے سفارشات وزیراعظم کو ارسال کر دی

اسلام آباد (آن لائن) ویرآید درست آید۔ مشترکہ مفادات کونسل نے 17 وزارتوں کو تحلیل کرنے کرنے کے حوالے سے سفارشات وزیراعظم کو ارسال کر دی۔ صحت (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کے موقع پر پہلا آزمائشی سفر کر رہے ہیں

آئی ایم ایف کے زرعی آمدن ٹیکس اور ایف بی آر ہدف پر سوالات، وصولیوں میں کمی پر تشویش

آئی ایم ایف نے گزشتہ مالی سال مقررہ اہداف حاصل نہ ہونے پر تفصیلات طلب کیں حصول کے حوالے سے بھی وضاحت مانگی گئی، ذرائع

2 ارب روپے کے ہدف کے مقابلے میں صرف 1.1 ارب روپے زرعی آمدن ٹیکس وصول، رواں مالی سال صوبے کے لیے 6 ارب روپے کا ہدف مقرر

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان مالیاتی اہداف اور ٹیکس وصولیوں کے جائزے کے دوران زرعی آمدن ٹیکس کی وصولی اور ایف بی آر کے سالانہ ٹیکس ہدف کے حصول سے متعلق سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے گزشتہ مالی سال مقررہ اہداف حاصل نہ ہونے پر تفصیلات طلب کی ہیں، جبکہ رواں مالی سال کے اہداف کے حصول کے حوالے سے بھی وضا (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے حنیف عباسی کی ملاقات

بلوچستان میٹرو ٹرین سروس میں دیگر صوبوں سے آگے نکل گیا

کوئٹہ (خ ن) وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی نے چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان میں پہلی میٹرو ٹرین سروس کے آغاز سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی نے بلوچستان میں پہلی میٹرو ٹرین سروس کے آغاز پر مسرت کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر ریلویز نے میٹرو ٹرین سروس کے آغاز پر وزیراعلیٰ بلوچستان کو مبارکباد پیش کی۔ وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی نے کہا کہ بلوچستان میٹرو ٹرین سروس کے آغاز کے حوالے سے ملک کے د (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

نصیر آباد میں مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے علماء کرام کا اہم اجلاس

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ضلع نصیر آباد میں مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے علماء کرام (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

وریندر لعل کی زیر صدارت بچوں کے حفاظتی ٹیکہ جات کے حوالے سے ماہانہ جائزہ اجلاس

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت بچوں کے حفا (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

گنداخہ، چار معذور بچوں کے پڑھے لکھے غریب باپ کی وزیراعلیٰ بلوچستان سے سرکاری ملازمت کی اپیل

گنداخہ (آن لائن) چار معذور بچوں کے پڑھے لکھے غریب باپ کی وزیراعلیٰ بلوچستان سے سرکاری ملازمت کی اپیل اوستہ محمد تحصیل گنداخہ کے گوٹھ غلام محمد جمالی کے رہائشی (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان میں پہلی میٹرو ٹرین سروس کے آغاز سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلویز حنیف (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

اسٹیٹ بینک کا 3 ارب ڈالر مالیت کے دو حصوں پر مشتمل یورو بانڈز کی فہرست میں شمولیت

جہاں مارکیٹ اوپن تقریب کے ذریعے لندن میں کاروباری دن کی باقاعدہ تجارتی سرگرمیوں کا آغاز کیا جاتا ہے

لندن (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے لندن اسٹاک ایکسچینج کی مارکیٹ اوپن تقریب میں شرکت کی، جہاں پاکستان کے 3 ارب ڈالر مالیت کے دو حصوں پر مشتمل یورو بانڈز کی فہرست میں شمولیت کی تقریب بھی منعقد ہوئی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف پاکستان کے پہلے وزیراعظم ہیں جنہیں لندن اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری دن کے آغاز کی تقریب میں (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

بلوچستان کی طالبات میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، راحیلہ درانی

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کا گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کواری روڈ کوئٹہ میں سائنس و آرٹس نمائش کے انعقاد کا خیر مقدم

اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں تحقیق، تجربات اور عملی سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کواری روڈ کوئٹہ میں سائنس و آرٹس ایگزیبیشن کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ایسی غیر نصابی سرگرمیاں طالبات کی تخلیقی صلاحیتوں، سائنسی و تحقیقی سوچ اور خود اعتمادی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر کالجز پروفیسر محمد حسین بخش بلوچ، جوائنٹ ڈائریکٹر کالجز محترمہ سعیدہ نیاز اور ایجوکیشن اسپیشلسٹ محترمہ سعدیہ (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو بیلٹ پروموشن ٹیسٹ میں پیرا اتھلیٹس کی شاندار کارکردگی

کوئٹہ (آن لائن) گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن کے زیر اہتمام بچوں اور نوجوان پلیئرز کی حوصلہ افزائی، ٹریڈیشنل تائیکوانڈو کھیل کے فروغ اور نوجوان نسل کو صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کیلئے گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو بیلٹ پروموشن ٹیسٹ کی شاندار تقریب منعقد ہوئی، جس میں مختلف اینج گروپ (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

کفایت شعاری اقدامات پر اہم اجلاس، متعلقہ وزارتوں کو سابقہ فیصلوں پر مؤثر عملدرآمد کی ہدایت

سرکاری وسائل کے محتاط استعمال اور مالیاتی نظم پر اسحاق ڈار کا زور

سرکاری وسائل کے محتاط استعمال اور مالیاتی نظم و ضبط پر پیش رفت کا جائزہ فیصلوں پر مکمل، مؤثر اور بروقت عملدرآمد یقینی بنایا جائے

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت کفایت شعاری اور اضافی بچت کے اقدامات کی نگرانی و عملدرآمد سے متعلق کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں سرکاری وسائل کے محتاط استعمال اور مالیاتی نظم و ضبط سے متعلق اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کفایت شعاری، سرکاری وسائل کے تحفظ اور اخراجات میں کمی کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

پاکستان میں عالمی سرمایہ کاروں کی دلچسپی میں اضافہ ہو رہا ہے، قیصر احمد شیخ

پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع، پاکستانی نژاد امریکی سرمایہ کار اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

ہیوسٹن (آن لائن) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان میں عالمی سرمایہ کاروں کی دلچسپی میں اضافہ ہو رہا ہے، جبکہ آئی ٹی، زراعت، ٹیکسٹائل، آٹو موبائلز اور دیگر اہم شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کاروباری ماحول کو مزید سازگار بنانے، غیر ضروری ریگولیٹری رکاوٹیں کم کرنے اور سرمایہ کاروں کے لیے شفاف و مؤثر نظام یقینی بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے ان خیالات کا اظہار ہیوسٹن میں پاکستان امریکن کانگریس کے زیر اہتمام پاکستانی نژاد امریکی کاروباری شخصیات اور کمیونٹی رہنماؤں کے اعزاز میں منعقدہ خصوصی عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی اور ڈپٹی کمشنر چمن کی (DCC) چمن کا اجلاس

ترقیاتی اسکیموں کی تیاری اور تکمیل میں شفافیت، معیار، ضرورت اور عوامی مفاد کو بنیادی ترجیح دی جائے

شہری و دیہی علاقوں میں ترقیاتی ضروریات کو پورا کرنا اور ضلع چمن میں پائیدار و متوازن ترقی کو یقینی بنانا ہے

چمن (خ ن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی اور ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلوئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) چمن کا اہم اجلاس آج ڈپٹی کمشنر آفس چمن میں منعقد ہوا، جس میں کمانڈر چمن اسکاؤٹس کی معاونت و شرکت کے ساتھ ضلع میں جاری ترقیاتی امور اور BSDI فیز-III کے تحت ترقیاتی منصوبوں کو حتمی شکل دینے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

روزنامہ
تعمیر وطن
* ABC CERTIFIED *
TAMEER-E-WATAN

جناح پیپلز ٹرین

پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ سروس جناح پیپلز ٹرین کے کامیاب افتتاح پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی اور بلوچستان کی عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا کہ سریاب سے کچلاک تک جناح پیپلز ٹرین کا آغاز بلوچستان میں جدید سفری سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہ سروس شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ سفری سہولت فراہم کرے گی، جس سے روزانہ سفر کرنے والے عوام کو نمایاں سہولت حاصل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، بہتر سفری نظام اور ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے کوشاں رہی ہے۔ جناح پیپلز ٹرین بلوچستان کے عوام کے لیے ترقی اور عوامی سہولت کے نئے سفر کا آغاز ہے۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے اس منصوبے کی تکمیل پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی، متعلقہ اداروں اور تمام ذمہ داران کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے عوامی منصوبوں سے کوئٹہ کے شہریوں کو روزمرہ زندگی میں عملی سہولت ملے گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ جناح پیپلز ٹرین سروس کو مزید وسعت دے کر بلوچستان کے دیگر علاقوں تک بھی جدید اور کم خرچ سفری سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

بقیہ 01

میتھیو ولٹر کی قیادت میں وفد سے ملاقات میں سرمایہ مارکیٹس، تجارتی مالی معاونت اور سرمایہ کاری بینکاری کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر گفتگو ہوئی۔ وزیر اعظم نے جے پی مورگن کو پاکستان میں اپنی سرگرمیوں اور کاروباری موجودگی مزید وسعت دینے کی دعوت دی، جبکہ وفد نے پاکستانی خود مختار قرضہ جات کی سرمایہ مارکیٹ اور کارپوریٹ بینکاری کے شعبوں میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ سٹی کے چیف کلائنٹ آفیسر ڈیوڈ لیونگ اسٹون کی قیادت میں اعلیٰ حکام نے ملاقات میں وزیر اعظم نے پاکستان میں بینک کی طویل عرصے سے موجودگی کو سراہا اور کارپوریٹ و ادارہ جاتی بینکاری کی خدمات کو مزید وسعت دینے کی حوصلہ افزائی کی۔ بلیک راک کے ایمرجنگ مارکیٹس اینڈ فرنٹیئرز کے شریک سربراہان گورڈن فریزر اور سیم ویچ جبکہ پورٹ فولیو مینیجر و ریسرچ اینالسٹ ایملی فلچر پر مشتمل وفد سے ملاقات میں وزیر اعظم نے فرنٹیئر مارکیٹس حکمت عملی کے تحت پاکستانی حصص اور مستقل آمدن والی مالیاتی مصنوعات میں سرمایہ کاری بڑھانے کی دعوت دی۔ ملاقات میں دونوں جانب سے سرمایہ کاروں کے اعتماد کے لیے پالیسیوں میں تسلسل اور معاشی اصلاحات کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ روتھ شیلڈ اینڈ کو کے چیئرمین اسٹریٹجک ایڈوائزری لارڈ مارک سیڈول اور ہیڈ آف یو کے انویسٹمنٹ بینکنگ مجید اسحاق سے ملاقات میں پاکستان کی جغرافیائی معاشی ترجیحات، سرمایہ مارکیٹ اور سرمایہ کاری کی حکمت عملی کے حوالے سے ممکنہ مشاورتی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تمام ملاقاتوں کے دوران عالمی مالیاتی اداروں کے نمائندوں نے پاکستان میں جاری معاشی اصلاحات میں پیش رفت کے حوالے سے اعتماد کا اظہار کیا اور ملک کے مالیاتی شعبے کے ساتھ تعاون اور روابط مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقاتوں کو پاکستان کے معاشی اصلاحاتی پروگرام میں عالمی مالیاتی اداروں کی دلچسپی اور سرمایہ کاری کے امکانات بڑھانے کی حکومتی کوششوں کا حصہ قرار دیا گیا۔ ان ملاقاتوں میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وزیر اعظم کے مشیر برائے تجارت و چیئرمین نجکاری کمیشن محمد علی بھی موجود تھے۔

بقیہ 02

پہیہ بھی رواں دواں رہتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے صدر سید عبدالقیوم آغا کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین سید یاسین آغا، جنرل سیکرٹری حاجی محمد یوسف موسند، تاجر اتحاد بلوچستان کے صدر سید حیدر آغا سمیت دیگر عہدیداران بھی شریک تھے۔ ملاقات میں کوئٹہ شہر کے تاجروں اور کاروباری حضرات کو درپیش مسائل و مشکلات، خطے کی کشیدہ صورتحال کے منفی اثرات اور صوبے میں معاشی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ انہوں نے ہر ذمہ دار فورم پر بلوچستان کے تاجروں اور صنعتکاروں کی موثر نمائندگی کی ہے اور ان کے مسائل کے حل اور مشکلات میں کمی لانے کی خاطر تمام متعلقہ حکام کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اقتدار میں ہوں یا نہ ہوں، بلوچستان کے تاجروں اور صنعتکاروں کے جائز مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے شاہراہوں پر قانونی اور ٹیکس شدہ تجارتی مال کی بار بار غیر ضروری چیکنگ، اور بوریاں کھولتے ہیں۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ سے چمن، پشین، لورالائی، مسلم باغ، خانوزئی اور دیگر علاقوں کو تجارتی مال کی ترسیل کے دوران تاجروں کو بلاجواز ہراساں کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے اور قانونی و ٹیکس شدہ مال کی نقل و حمل میں غیر ضروری رکاوٹوں کا خاتمہ کیا جائے۔ وفد نے بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے بڑے کاروباری مراکز، چھوٹے ہوٹلوں اور ریسٹورنٹس پر عائد ٹیکسز میں کمی سمیت تاجروں کو درپیش دیگر مسائل کے حل کا بھی مطالبہ کیا۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے وفد کے مسائل اور تحفظات غور سے سنے اور یقین دلایا کہ تاجروں کو درپیش مسائل کے پائیدار حل کیلئے متعلقہ حکام کے ساتھ معاملہ اٹھایا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور کاروباری برادری کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی کی خاطر تمام متعلقہ اداروں کو اپنا کردار موثر انداز میں ادا کرنا اشد ضروری ہے۔

بقیہ 03

کے لیے فاتحہ خوانی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل دے اس موقع پر سابق نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ، صوبائی وزراء اور اراکین صوبائی اسمبلی بھی وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 04

گا۔ ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے لیے صوبائی اسمبلی سے منظوری لینا ضروری نہیں۔ جی ٹی وی پروگرام میں وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے معاون خصوصی ملک عدیل اقبال اور وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ نے شرکت کی، جہاں خیبر پختونخوا کی سیاسی اور سیکیورٹی صورتحال، ممکنہ ایمرجنسی اور تحریک انصاف کے لانگ مارچ سے متعلق گفتگو ہوئی۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگانے کا معاملہ اگر سامنے آیا تو اس کا تعلق سیکیورٹی صورتحال سے ہوگا۔ انہوں نے واضح کیا کہ صوبے میں ایمرجنسی تحریک انصاف کے لانگ مارچ کی وجہ سے نہیں لگائی جائے گی۔ وفاقی وزیر کے مطابق خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کرنے کے لیے صوبائی اسمبلی سے منظوری لینے کی ضرورت نہیں۔ ان کے اس بیان کے بعد صوبے میں آئینی و سیاسی صورتحال پر بحث مزید تیز ہوگئی ہے۔ دوسری جانب وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے معاون خصوصی ملک عدیل اقبال نے کہا کہ تحریک انصاف کا 4 اکتوبر کا لانگ مارچ ہر صورت ہوگا۔ انہوں نے عندیہ دیا کہ پارٹی اپنے طے شدہ سیاسی لائحہ عمل پر قائم ہے اور لانگ مارچ کے انعقاد میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ پروگرام میں شریک وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا میں کسی ایمرجنسی یا گورنر راج کی حمایت نہیں کرتی۔ ان کے بیان سے واضح ہوتا ہے کہ صوبے میں سیاسی بحران سے نمٹنے کے لیے ایسے غیر معمولی انتظامی اقدامات پر پارٹی کا موقف وفاقی حکومت کے ممکنہ موقف سے مختلف ہے۔

بقیہ 05

ح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان اور وفاقی وزیر ریلوے نے منصوبے کی تختی کی نقاب کشائی کی اور میٹرو ٹرین کے پہلے آزمائشی سفر میں بھی شرکت کی۔ تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی سمیت صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، چیئرمین پاکستان ریلویز، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور اعلیٰ اعلیٰ حکام اور سیاسی جماعتوں کے نمائندگان بھی موجود تھے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی کو بلوچستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے ان کی عوامی خدمت کے جذبے کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی اس تقریب میں مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے نمائندگان کی شرکت اس امر کی عکاس ہے کہ یہ بلوچستان کے عوام کے لیے ایک مشترکہ اور عوامی نوعیت کا منصوبہ ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس بلوچستان میں اپنی نوعیت کی پہلی میٹرو ٹرین سروس ہے جس کا مقصد شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور کم لاگت سفری سہولت فراہم کرنا ہے۔ اس منصوبے سے عام آدمی، مزدور، طلبہ اور پیشہ ور افراد سب سے زیادہ مستفید ہوں گے انہوں نے کہا کہ منصوبے کے حوالے سے ابتدائی طور پر چین سے انجن اور بوگیاں درآمد کرنے کی تجویز تھی، جس پر 50 سے 60 ارب روپے لاگت آنا تھی اور اس کی تکمیل کے لیے تین سے چار سال درکار ہوتے تاہم وفاقی وزیر ریلویز کی تجویز پر پاکستان ریلویز سے ہی نئے انجن اور بوگیاں تیار کروانے کا فیصلہ کیا گیا جس سے نہ صرف وقت اور وسائل کی بچت ہوئی بلکہ ملکی ادارے کی استعداد سے بھی استفادہ کیا گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس سروس کو دو ٹرینوں تک وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے تاکہ اگلے سال تک دونوں اطراف سے ٹرینیں چلائی جا سکیں۔ انہوں نے بتایا کہ بوستان انڈسٹریل اسٹیٹ تک ریلوے ٹریک کی ترقی پر کام پہلے ہی شروع کیا جا چکا ہے جبکہ مستقبل میں میٹرو ٹرین سروس کو پشین اور بوستان سے مستونگ تک توسیع دینے کا منصوبہ بھی زیر غور ہے وزیر اعلیٰ نے منصوبے کی تکمیل میں تعاون پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف، صدر مملکت آصف علی زرداری، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، فرنٹیئر کور بلوچستان اور دیگر متعلقہ اداروں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی پلان اور ریلوے ٹریک کی تکمیل میں متعلقہ اداروں کے تعاون سے یہ منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچا انہوں نے کہا کہ اگست کے دوران بعض رکاوٹوں کے باعث منصوبے میں معمولی تاخیر ہوئی تاہم ان مشکلات پر قابو پا لیا گیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی ترقی اور سہولت حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور صوبے کے عام آدمی کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات جاری رہیں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس بلوچستان کے عوام کے لیے ایک مثبت پیش رفت ہے جس کا کریڈٹ بلوچستان کے عوام، بیوروکریسی، پارلیمانی نمائندگان، صوبائی کابینہ، پاکستان ریلویز اور تمام سیاسی جماعتوں کے تعاون کو جاتا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اعلان کیا کہ بزرگ شہریوں اور خصوصی افراد کے لیے جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس میں سفر مکمل طور پر مفت ہوگا جبکہ دیگر شہریوں کے لیے بھی کرایے رعایتی اور عام آدمی کی استطاعت کے مطابق سبسڈائزڈ ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے منصوبے پر عمل درآمد اور پیش رفت میں تیزی پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی کاوشوں کو بھی سراہا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن، ترقی اور خوشحالی چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں تاہم ریاست کے خلاف طاقت کے استعمال اور بندوق کے ذریعے کسی نظریے کو مسلط کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

بقیہ 06

نے تحریر کیا۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ کسی عنصر کے بغیر شکایت ہراسگی ایکٹ کے تحت وفاقی محتسب کے دائرہ اختیار میں نہیں آتی، ادارہ نامناسب رویے پر اپنے سروس رولز کے تحت تادیبی کارروائی کر سکتا ہے، ہراسگی قانون کا مقصد خواتین اور مردوں کو کام کی جگہ پر جنسی ہراسگی سے تحفظ دینا ہے۔ عدالت کے مطابق ہراسگی ایکٹ کا اطلاق عمومی نوعیت کی ہر شکایت پر نہیں کیا جا سکتا، صدر مملکت وفاقی محتسب کے فیصلے کیخلاف نمائندگی سننے کے مجاز ہیں، ہائی کورٹ محتسب کے فیصلے میں محدود آئینی بنیادوں پر ہی مداخلت کر سکتی ہے۔ وفاقی محتسب نے دو بینک افسران کو ملازمت سے برطرف کرنے کی سزا سنائی تھی، صدر مملکت نے برطرفی کی سزا تبدیل کر کے سرزنش کی سزا دی تھی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے صدر کا حکم کالعدم کر کے وفاقی محتسب کا فیصلہ بحال کیا تھا، وفاقی آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائی کورٹ کا 31 دسمبر 2024 کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ وفاقی آئینی عدالت نے صدر مملکت کا حکم بحال کر دیا۔

بقیہ 07

کر رہے ہیں تاکہ ان کی صلاحیتوں کو بہتر بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز محکمہ پولیس کے زیر اہتمام فیاض سنبل شہید پولیس لائنز کوئٹہ میں منعقدہ بینڈمنٹن اوپن ٹورنامنٹ میں فائنل میچ میں کوئٹہ پولیس کی ٹیم کی جانب سے واپڈا کی ٹیم کو ہرا کر کامیابی حاصل کرنے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس کی جانب سے 23 سے 28 ستمبر 2026 تک منعقدہ بینڈمنٹن اوپن ٹورنامنٹ منعقد ہوا جس میں مرد اور خواتین کے سنگلز، ڈبلز اور مکسڈ ڈبلز مقابلوں میں کھلاڑیوں نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ حصہ لیا۔ فائنل میچ واپڈا اور کوئٹہ پولیس کی ٹیموں کے مابین کھیلا گیا جس میں سنسنی خیز مقابلے کے بعد کوئٹہ پولیس نے چیمپئن شپ اپنے نام کر لی۔ اختتامی تقریب کے دوران آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ بلوچستان پولیس نہ صرف عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنے فرائض کی انجام دہی کے لیے ذمہ داریاں ادا کرنے کے ساتھ کھیلوں سمیت دیگر مثبت سرگرمیوں میں بھی حصہ لے رہی ہے۔ انہوں نے ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر منتظمین، کھلاڑیوں اور اسپانسر ادارے ڈی ایچ اے کوئٹہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ کھیل کے میدان آباد ہوں گے تو ہمارے ہسپتال ویران ہوں گے اور نوجوانوں کی صلاحیتوں میں بہتری کے ساتھ ساتھ انہیں منفی سرگرمیوں سے دور رکھا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں اور ٹیموں میں ٹرافی، میڈلز اور انعامات تقسیم کیے۔

بقیہ 08

کے برابر ٹیکسز کا اطلاق یقینی بنایا جائے۔ اس سلسلے میں فنانس، ریونیو اور دیگر متعلقہ تمام محکمے اپنا فعال کردار ادا کرتے ہوئے اپنی کارکردگی مزید بہتر اور موثر بنائیں۔ اس معاملے میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ اپنا گھر پروگرام کم اور متوسط آمدنی والے افراد کیلئے ایک اہم سہولت ہے۔ حکومت کی جانب سے رعایتی ہاؤسنگ فنانس کا مقصد شہریوں کو گھر خریدنے، اپنے پلاٹ پر گھر تعمیر کرنے یا گھر کی تعمیر کیلئے مالی معاونت فراہم کرنا ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان میں بہت سے لوگ بینکنگ سسٹم، قرضوں کے طریقہ کار، مطلوبہ دستاویزات اور درخواست جمع کرانے کے مراحل سے نابلد ہیں۔ گورنر مندوخیل نے بینکوں کو ہدایت کی کہ عوامی شعور و آگہی کی بھرپور مہم چلائیں اور پروگرام کی معلومات آسان زبان میں عوام تک پہنچائی جائیں۔ بینکوں کی شاخوں کے علاوہ دیگر اہم مقامات پر بینک فلیکس آویزاں کیے جائیں تاکہ شہریوں کو درخواست کے طریقہ کار اور متعلقہ بینکوں سے رابطے کے بارے میں واضح معلومات دستیاب ہوں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں اس اسکیم کے تحت قرض حاصل کرنے والے افراد کی تعداد بہت کم ہے۔ اس ضمن میں انہوں نے بینکوں کے ریجنل سربراہان کو ہدایت کی کہ قرضوں کی فراہمی کے عمل میں تیزی لائی جائے اور آن لائن سہولت بھی آسان بنائی جائے تاکہ دور دراز علاقوں کے شہری بھی درست رہنمائی حاصل کر سکیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ ہم حکومت بلوچستان کی سطح پر تمام متعلقہ محکموں کو بھی زیادہ فعال اور متحرک بنائیں گے تاکہ زمین، دستاویزات اور دیگر متعلقہ معاملات میں ممکنہ رکاوٹوں کو کم کیا جا سکے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ چھ ہفتے بعد دوبارہ اجلاس منعقد کیا جائے جس میں تمام متعلقہ بینک اپنے اپنے علاقوں میں پروگرام کی پیش رفت، موصول ہونے والی درخواستوں، منظور شدہ اور فراہم کیے گئے قرضوں، عوامی آگاہی اقدامات اور درپیش رکاوٹوں کے حوالے سے اپنی کارکردگی رپورٹ پیش کرینگے۔

بقیہ 09

ڈال رہی ہے کہ میں طلاق کے لوں یا نہ لوں میں اپنے شوہر کے ساتھ خوشگوار زندگی گزار رہی ہوں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز میری بڑی بہن سونیا نور نے مجھ پر میرے شوہر دانیال صفدر نے تشدد کیا ہے اور اس کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا ہے جس میں کوئی حقیقت نہیں اس نے خود سیڑھی سے اپنے آپ کو گرا کر زخمی کرنے کا ڈرامہ رچایا ہے حالانکہ میں اپنے شوہر دانیال صفدر کے ساتھ خوشی سے زندگی گزار رہی ہوں اور میری ایک 10 روز کی کمسن بیٹی ہے مجھ پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے کہ میں اپنے شوہر سے طلاق لے لوں میں نے اس سے انکار کیا ہے جس کی وجہ سے اس طرح کے الزامات لگا رہی ہے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میری بہن نے میری ساس کو برا بھلا کہا تھا جس پر میں نے اسے منع کیا تھا کیونکہ وہ میری ماں ہے۔ اور گزشتہ روز پریس کانفرنس کے ذریعے میرے شوہر پر لگائے گئے الزامات میں کوئی صداقت نہیں ہے۔

بقیہ 10

یوسفزئی بھی موجود تھے۔ فریقین نے دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے امکانات پر گفتگو کی۔ اس موقع پر پاکستان اور نیدرلینڈ کے درمیان دوطرفہ روابط کو مزید وسعت دینے، باہمی مفاد کے امور پر تعاون بڑھانے اور دونوں ممالک کے درمیان عوامی و سیاسی سطح پر رابطوں کو فروغ دینے سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ ملاقات کے دوران جمہوریت سے متعلق معاملات بھی زیر غور آئے اور جمہوری اقدار، سیاسی عمل اور ادارہ جاتی تعاون کی اہمیت پر گفتگو کی گئی۔ محمود خان اچکزئی نے پاکستان اور نیدرلینڈ کے درمیان تعلقات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے باہمی تعاون اور روابط کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت پر بات کی۔ ملاقات میں اس امر پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا کہ دونوں ممالک باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید آگے بڑھا سکتے ہیں۔ نیدرلینڈ کے سفیر رابرٹ جان سگھرت نے بھی پاکستان کے ساتھ دوطرفہ روابط اور باہمی تعاون کو اہم قرار دیا۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، جس میں دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے امور پر رابطہ اور تعاون جاری رکھنے پر تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ 11

میں پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے اور افغانستان کے مسئلے کے قابل قبول اور دوستانہ حل کے لیے مذاکرات کی حمایت کرتا ہے۔ افغانستان کی صورتحال اور امن کی جانب پیش رفت کے موضوع پر اسلام آباد میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان کے مسئلے کے حل کے لیے متعدد اعلیٰ سطحی وفود افغانستان بھیجے جبکہ استنبول اور دوحہ میں بھی مذاکرات ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں پائیدار امن کے لیے عسکریت پسندانہ ذہنیت سے باہر نکلنا ہوگا اور افغان عبوری حکومت کو عسکریت پسندانہ سوچ ترک کر کے ذمہ دار ریاست کے طور پر عوام کی بہتری کے لیے کام کرنا ہوگا۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ افغانستان کو درپیش بیشتر مسائل عسکریت پسندانہ ذہنیت کا نتیجہ ہیں، جبکہ دہشت گردوں اور کالعدم تنظیموں کے ارکان کی محفوظ پناہ گاہیں پاکستان کے لیے تشویش کا باعث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امن چاہتا ہے لیکن امن کی ہماری خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے۔ پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی کوششوں کا جواب دیا گیا ہے اور دیا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ افغانستان میں امن صرف افغان عوام ہی نہیں بلکہ پورے خطے کے لیے خوشحالی اور ترقی کی بنیاد بن سکتا ہے۔ افغانستان میں تجارت اور علاقائی رابطوں کے فروغ کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے، جبکہ امن کی صورت میں وسطی ایشیائی ریاستوں سے پاکستان تک تجارتی راستے کھولنے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وسطی ایشیائی ریاستیں افغانستان کے راستے کراچی اور گوادر سمیت گرم پانیوں تک رسائی حاصل کر سکتی ہیں، جو خطے کے لیے معاشی تعاون کے نئے امکانات پیدا کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں امن سے تجارت کو فروغ اور سرمایہ کاری کو تقویت ملے گی۔ کراچی اور گوادر تک تجارتی راستہ وسطی ایشیائی ریاستوں کی دیرینہ خواہش ہے، جبکہ افغانستان میں استحکام پورے خطے میں رابطوں اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ عطا اللہ تارڑ نے افغانستان میں انسانی اور معاشی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ افغان آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے، تاہم خواتین کی بڑی تعداد افرادی قوت کا حصہ نہیں۔ افغانستان میں آبادی کے بعض طبقات کو معاشی ترقی میں کردار ادا کرنے کے مواقع نہیں مل رہے جبکہ افغان عوام کے بعض طبقات کو بنیادی حقوق سے محروم کیا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ افغان عوام تعلیم، اجتماع، انجمن سازی اور معاشی آزادی سمیت بنیادی حقوق کے مستحق ہیں۔ افغان عوام کو اپنے مستقبل کے فیصلوں میں اپنی آواز اور اختیار ملنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ افغان عوام اور عبوری حکومت کے درمیان بڑا خلا موجود ہے جسے اتفاق رائے اور عوامی شمولیت کے ذریعے کم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرامن بقائے باہمی کے لیے خود بھی جیو اور دوسروں کو بھی جینے دو کے اصول کو اپنانا ہوگا۔ افغانستان کے عوام بہتر اور خوشحال مستقبل کے مستحق ہیں اور ملک کے مستقبل کے حوالے سے اتفاق رائے پیدا کر کے افغان عوام کو اپنے مستقبل کے انتخاب کا حق دینا ہوگا۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ افغانستان میں امن سے پورے خطے میں استحکام اور ترقی کے امکانات بڑھ سکتے ہیں۔ علاقائی امن اور تجارت کے فروغ کی خواہش پورے خطے میں موجود ہے اور پاکستان افغانستان کے مسئلے کے مذاکرات کے ذریعے قابل قبول حل کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ 12

پینل تباہ ہوگئے۔ اور قریبی گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ شب کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر کھڈ کوچہ کے قریب واقع مدینہ ہوٹل کو نامعلوم مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے نشانہ بنایا جس سے ہوٹل کی عمارت زمین بوس ہوگئی اور قریبی ٹیوب ویلز کے 250 سولر پلیٹ تباہ ہوگئے اس کے علاوہ قریبی دکانوں اور گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔

بقیہ 13

کا دورہ کیا اور پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے سیکرٹری جنرل سید نیئر حسین بخاری سے ملاقات کی۔ وفد میں چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر خان، سینیٹر علامہ ناصر عباس، سینیٹر ذیشان اخونزادہ اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ترجمان اخونزادہ حسین یوسفزئی شامل تھے۔ ملاقات کے دوران وفد نے پاکستان پیپلز پارٹی کو آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کی باضابطہ دعوت دی اور کانفرنس کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا گیا۔ سید نیئر حسین بخاری نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کی دعوت کا پیغام پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کے موقف سے تحریک تحفظ آئین پاکستان کے وفد کو آگاہ کر دیا جائے گا۔ ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال، آئین کی بالادستی، جمہوری اداروں کے استحکام اور سیاسی جماعتوں کے درمیان رابطوں سمیت مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سید نیئر حسین بخاری کا کہنا تھا کہ پاکستان پیپلز پارٹی آئینی و جمہوری معاملات پر سیاسی جماعتوں کے ساتھ رابطے اور مشاورت کو اہمیت دیتی ہے۔

بقیہ 14

ت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت خزانہ کے اعلامیے کے مطابق آئی ایم ایف مشن چیف کی سربراہی میں وفد اس وقت اسلام آباد میں موجود ہے، جبکہ وفاقی وزیر خزانہ نے اجلاس میں ورچوئلی شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری خزانہ، چیئرمین ایف بی آر اور دیگر اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان جاری مشاورتی عمل اور مالیاتی امور کا جائزہ لیا گیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق آئی ایم ایف وفد کے ساتھ مذاکرات اور مشاورت کا عمل جاری ہے، جبکہ متعلقہ حکام اقتصادی اور مالیاتی اہداف سے متعلق امور پر آئی ایم ایف حکام کو بریفنگ دے رہے ہیں۔

بقیہ 15

میوں کو ناکام بنا دیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشت گردوں نے نوکچہ میں ایک خالی واٹر باؤزر کو آگ لگانے کے بعد فرار ہونے کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے دونوں دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ ذرائع کے مطابق ہلاک ہونے والے دہشت گرد ایس-40 شاہراہ کے مختلف مقامات پر آتشزدگی سمیت دیگر تخریبی کارروائیوں میں بھی ملوث تھے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ 31 اگست کو بھی اسی نوعیت کی تخریبی کارروائیوں میں ملوث فتنہ الہندوستان کے 11 دہشت گرد ہلاک کیے گئے تھے۔ سیکیورٹی فورسز کے مطابق بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم برقرار ہے، جبکہ علاقے میں سیکیورٹی اور نگرانی مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 16

گیا۔ شرکاء نے مالیاتی نظم و ضبط برقرار رکھنے اور سرکاری وسائل کے مؤثر و محتاط استعمال کو یقینی بنانے کے مختلف پہلوؤں پر غور کیا۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے متعلقہ وزارتوں اور ڈویژنز کو ہدایت کی کہ گزشتہ اجلاسوں میں کیے گئے فیصلوں پر مکمل، مؤثر اور بروقت عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن، وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک اور وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے خارجہ امور نے شرکت کی۔ سیکرٹری کابینہ کے علاوہ وزارت داخلہ، خزانہ، خارجہ امور، تجارت، قانون و انصاف اور موسمیاتی تبدیلی کے اعلیٰ حکام بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ 17

کے کھلاڑیوں نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ شرکت کی۔ گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن کے نائب صدر، بلیک بیلٹ فورتھ ڈان (ڈبلیو ٹی ایف کوریا)، پوسے ک

91

انٹرنیشنل سائل اینڈ کوریکٹ میاں فرخ الزمان انٹرنیشنل سول ایوارڈ کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اپنے مختصر تاثر، تاثر جمہوریت سائنی و ریزرچ مفکر میاں محمد نواز شریف کے نام سے منسوب ایوارڈ کے حوالے سے اپنے تاثرات کا اظہار کیا انٹرنیشنل سول ایوارڈ ہر سال پاکستان سے دنیا بھر کی اہم شخصیات کو دنیا بھے کا ٹھیوں نے پارلیمنٹ کے احترام، وقت کا وحرت اور جمہوریت کو سربلندی کا سیاسی فرض قرار دیا اور جمہوریت کو عوامی خدمت میں ڈھالنے کا عزم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بنگلیز اور خطوص کے ساتھ دیانتداری کو مضبوط اور خلل ایمانداری اور سماجی کے سامل کیلئے اپنے ایوارڈ کا ہدف کیا ہے

92

کاموں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے حوالے سے بھی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں گورنمنٹ کنسٹرکٹرز کے ایک سے ڈاٹر شیڈ کی ہدایت کی گئی اور تمام محکموں کے ہیڈز کو ہدایت کی گئی کہ ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے اور ان کے ٹھکانوں کی طرف رخ کرنے کی ہدایت کی گئی اور ان کے ٹھکانوں کی تحقیقی کیا جائے۔ اجلاس کے دوران اس امر پر بھی روشنی ڈالی گئی کہ صوبے میں جاری کئی کے شعبے میں صحت، صفائی اور سیکیورٹی سے متعلق قانونی اصلاحات پر غور کیا گیا۔ ایکٹ 1923 کے تحت جاری ایوارڈ کی تکمیل کی طریقہ کار، مشاورتی، پیشہ ورانہ اور سماجی حیثیت کو نمایاں کرنے اور موثر نگرانی کے تقاضے تبدیل ہو چکے ہیں۔ اس تناظر میں ایک جامع اور جدید صوبائی قانون کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ یعنی کے بل کی مختلف شقوں، بالخصوص تاقابل خلاف اپیل آتی اور دیگر قانونی رکاوٹوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بائن ایوارڈ اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی تجاویز پر مبنی ایک جامع اور عملی قانون تیار کیا جائے گا جس کے تحت ایوارڈ کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے گا۔ اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ ایوارڈ کے معطل اور مشکوک کیسز میں ہونے والے نقصانات کا تدارک کیا جائے گا۔ کہ بائن ایوارڈ اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کنٹرول اینڈ آڈٹ ایکٹ 1958 کے تحت ایوارڈ کی تکمیل کی طریقہ کار، مشاورتی، پیشہ ورانہ اور سماجی حیثیت کو نمایاں کرنے اور موثر نگرانی کے تقاضے تبدیل ہو چکے ہیں۔ اس تناظر میں ایک جامع اور جدید صوبائی قانون کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ یعنی کے بل کی مختلف شقوں، بالخصوص تاقابل خلاف اپیل آتی اور دیگر قانونی رکاوٹوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بائن ایوارڈ اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی تجاویز پر مبنی ایک جامع اور عملی قانون تیار کیا جائے گا جس کے تحت ایوارڈ کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے گا۔ اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ بائن

صحت کے مسائل کے سائنسی تجزیے اور موثر حل کیلئے تحقیق کا فروغ ضروری ہے، مجیب الرحمٰن

IT-SORT کے تحت بلوچستان میں پہلے آپریشنل ریسرچ کورس کا آغاز

بلوچستان میں صحت کے نظام کو شواہد پر مبنی بنانے کیلئے آپریشنل ریسرچ کو باقاعدہ حصہ بنایا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن نے بلوچستان میں صحت کے نظام کو مزید موثر، مضبوط اور شواہد پر مبنی بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحت کے شعبے میں درپیش مسائل کی نشاندہی، ان کے سائنسی تجزیے اور موثر حل کیلئے آپریشنل ریسرچ کو صوبائی نظام صحت کا باقاعدہ حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو منتخب صدر کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری احمد گل کو ہار پہنا کر مبارکباد دے رہے ہیں

جمہوریت انتخابات نہیں، عوام کے حق انتخاب، آئین کی بالادستی اور ووٹ کے فیصلے کو تسلیم کرنے کا نام ہے، رکن اسمبلی

پارٹی نے جمہوریت کی سربلندی کیلئے سیاسی قربانیاں دی ہیں، جمال شاہ کاکڑ

نواز شریف کے نام سے منسوب انٹرنیشنل سول ایوارڈ ہر سال جمہوریت اور عوامی خدمت کیلئے نمایاں شخصیات کو دیا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے قائمقام جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ جمہوریت انتخابات کا نام نہیں جمہوریت ایک سوچ ایک رویہ اور مسلسل جدوجہد کا نام ہے عوام کے حق انتخاب آئین کی بالادستی، پارلیمان کا احترام، سیاسی اختلاف کو برداشت اور ووٹ کے فیصلے کو تسلیم کرنے کا نام ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

پولیس جوان ہر وقت چوکس رہیں، ایس پی ہرنائی

قانون کی بالادستی کو یقینی بنانے کیلئے باقاعدگی سے جاری رہے گا

ہرنائی (خ ن) امن وامان کی فضا کو برقرار رکھنے اور ضلع میں سیکیورٹی تدابیر کو مزید موثر بنانے کے لیے ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ لکھرانی کی ہدایت پر ضلع کے مختلف تھانوں میں نائٹ شفٹ کا رول کال منعقد کیا گیا سٹی، صدر اور شاہرگ سمیت دیگر پولیس اسٹیشنوں میں متعلقہ ڈی ایس پیز، ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او زکی زیر نگرانی رات کی ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کی حاضری اور بریفنگ کا عمل مکمل کیا گیا۔ اس موقع پر ذمہ داران نے ڈیوٹی پر موجود افسران اور جوانوں کو علاقے کی موجودہ صورتحال، گشت (پیٹرولنگ) کے نظام اور چوکسی سے متعلق اہم ہدایات جاری کیں

ایف بی آر کے 30 ارب 70 کروڑ روپے کے ریکوری کیسز پر پی اے سی ذیلی کمیٹی برہم

اسلام آباد (آن لائن) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی ذیلی کمیٹی نے ایف بی آر کے اربوں روپے کے زیر التوا ریکوری کیسز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو مقدمات کی موثر اور بھرپور پیروی کی ہدایت کردی۔ سید نوید قمر کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں ایف بی آر (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

کوئٹہ، قائمہ کمیٹی برائے معدنیات کا اجلاس

بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل 2026 پر تفصیلی غور

بل کے حوالے سے اس سے قبل بھی دو اجلاس منعقد ہو چکے ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے معدنیات کا اجلاس چیئرمین کمیٹی غلام دستگیر بادینی کی زیر صدارت اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی رکن خیر جان بلوچ، زاہد علی ریکی، صوبائی وزیر برائے معدنیات میر شعیب نوشیروانی، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری لاء سعید اقبال، ڈائریکٹر جنرل مائنز (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

جاپانی اعزازی قونصل جنرل سید ندیم شاہ سے ڈاکٹر میر وائس کی ملاقات

بزنس مین چوہدری اجمل نے صحت، تعلیم اور کاروباری روابط کے فروغ پر بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سے چیف ایگزیکٹو جامعہ شفا ہسپتال ڈاکٹر میر وائس اور معروف بزنس مین چوہدری اجمل نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، صحت کے شعبے میں تعاون، کاروباری روا (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

ڈپٹی کمشنر جعفر آباد کی زیر صدارت (D C C) کا اجلاس

جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کو باقاعدگی سے مانیٹر کیا جائے

جناح پیپلز ٹرین بلوچستان کے عوام کیلئے ترقی اور عوامی سہولت کے نئے سفر کا آغاز ہے، نوابزادہ جمال رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ سروس جناح پیپلز ٹرین کے کامیاب افتتاح پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی اور بلوچستان کی عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔

نصیر آباد (خ ن) جعفر آباد ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر صدارت بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ ایجنسی (BSDI) کے حوالے سے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں مختلف محکموں کے ضلعی سربراہان اور ان کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ ایجنسی (BSDI) فیز-I، فیز-II اور فیز-III کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں اور ان پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ منصوبوں کی تکمیل میں درپیش مسائل، مختلف محکموں کے درمیان رابطہ کاری اور ترقیاتی (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

خواتین پارلیمانی کاکس اور عالمی ادارہ خوراک کے مابین اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس

بلوچستان اسمبلی اور خواتین پارلیمانی کاکس کی جانب سے WFP کے وفد کا خیر مقدم کیا جاتا ہے، غزالہ گولہ

عالمی ادارہ خوراک کے مابین اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس، غذائی تحفظ، غذائیت اور خواتین و بچوں کی صحت پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی میں خواتین پارلیمانی کاکس (WPC) کے زیر اہتمام عالمی ادارہ خوراک (WFP) پاکستان کے ساتھ غذائی تحفظ، بچوں میں غذائی قلت کی روک تھام اور خواتین و بچوں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اسٹریٹجک ڈائیلاگ اور مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی و چیئرپرسن خواتین پارلیمانی کاکس غزالہ گولہ نے کی، جبکہ رکن قومی ا (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

گوادر سے جدید نظام کا آغاز کیا جا رہا ہے، ڈاکٹر سعید جدون

آسان بنانے کیلئے جدید ای-ٹیگ نظام تین سے چار ماہ میں متعارف کرایا جائیگا

کوئٹہ (آن لائن) حکومت کی جانب سے کسٹمز اور دیگر امور کے لیے مقرر کردہ سینئر کنسلٹنٹ ڈاکٹر سعید جدون نے کہا ہے کہ مال بردار گاڑیوں کی جی ڈیز، نقل و حمل اور دیگر مسائل کے حل کے لیے آئندہ تین سے چار ماہ کے دوران جدید نظام متعارف کرایا جا رہا ہے جس سے قانونی تجارت مزید سہل ہوگی اور مال بردار گاڑیوں کو بلا جواز روکنے اور انہیں بے جا تنگ کرنے کا سلسلہ (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

گورنمنٹ بوائز انٹر کالج پرنسپل محمد عادل بلوچ کی زیر صدارت اجلاس

پشتکان (خ ن) گورنمنٹ بوائز انٹر کالج پشتکان میں پرنسپل محمد عادل بلوچ کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں کالج کے (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

بھاگ ناڑی میں بدامنی کے خلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کا احتجاجی مظاہرہ

بھاگ (آن لائن) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے زیر اہتمام بھاگ شہر میں بڑھتی ہوئی بدامنی چوری ڈکیتی رہزنی اور لوٹ مار کے خلاف شہر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاجی (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے تعاون سے آپریشن کا آغاز

حکم امتناعی کے باعث 6 اکتوبر 2026 تک آپریشن سے مستثنیٰ رکھا گیا

کوئٹہ (خ ن) محکمہ محنت و افرادی قوت بلوچستان نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور سیکریٹری محنت و افرادی قوت صالح محمد ناصر کی ہدایات کی روشنی میں نیو لیبر کالونی عبدالخالق روڈ نواں کلی کوئٹہ میں سرکاری فلیٹس کو غیر مجاز قابضین سے واگزار کرانے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے تعاون سے آپریشن کا (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

ڈپٹی کمشنر بارکھان کی زیر صدارت اجلاس

محفوظ ماحول فراہم کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) اور ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کمیٹی (DICC) کے اجلاس آج ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (D C C) اور ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کمیٹی (DICC) کے اجلاس منعقد ہوئے، جن میں پولیس (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

ماریہ دانیال نے اپنی بہن کی جانب سے ان کے شوہر پر ان پر تشدد پر لگائے گئے الزامات کو مسترد کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کی رہائشی ماریہ دانیال نے اپنی بہن کی جانب سے ان کے شوہر پر ان پر تشدد پر لگائے گئے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ میری بہن روز اول سے ہی میری شادی کے خلاف تھی اور اب بھی مجھ پر دبا (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

اوتھل کوسٹ گارڈز کروڑ مالیت کے 61 نایاب باز اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی

آئندہ بھی غیر قانونی شکار اور اسمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، کوسٹ گارڈ حکام

کروڑوں روپے مالیت کے 61 نایاب نسل کے بازوں کی پنجاب اور کراچی کے راستے بیرونی ملک اسمگلنگ کی بڑی کوشش کو ناکام بنا دیا

اوتھل (آن لائن) پاکستان کوسٹ گارڈز نے لسبیلہ کے علاقے اوتھل میں ایک کامیاب کارروائی کرتے ہوئے کروڑوں روپے مالیت کے 61 نایاب نسل کے بازوں کی صوبہ پنجاب اور کراچی کے راستے بیرونی ملک اسمگلنگ کی بڑی کوشش کو ناکام بنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز کے کمانڈنٹ آفیسر لیفٹیننٹ کرنل زین العابدین کی خصوصی ہدایات پر اوتھل چیک پوسٹ پر مسافر گاڑیوں کی کڑی نگرانی ا (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایت کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر سریاب کے زیر نگرانی کم وزن روٹی فروخت کرنے والے تندوروں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر استاد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت کھلی کچہری

چھٹی کے مسائل اور تجاوزات سمیت مختلف عوامی مسائل کی نشاندہی کی گئی

استاد محمد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر استاد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول استاد محمد میں خواتین کی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں اسسٹنٹ کمشنر استاد محمد ماریہ شمون، ڈی ایس پی استاد محمد داؤد کھوسہ، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (فیمیل) قندیل، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر استاد محمد ڈاکٹر امیر علی، پرنسپل گورنمنٹ گرلز کالج محترمہ نگہت جان، پرنسپل گورنمنٹ بوائز کالج عبید اللہ سمیت تمام متعلقہ لائن ڈیپارٹمنٹس کے (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج کے نفاذ سے متعلق آئین پاکستان میں واضح طریقہ کار موجود

اسلام آباد (آن لائن) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج کے نفاذ سے متعلق آئین پاکستان میں واضح طریقہ کار موجود ہے۔ آئین کے ** آرٹیکل **232 کے تحت صدر (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

جی ڈی اے کے بلڈنگز کنٹرول سیکشن کا اہم اجلاس

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان کی زیر صدارت جی ڈی اے کے بلڈنگز کنٹرول سیکشن کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر میں تعمیراتی (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

پشتونخوا نیپ کے وفد کی ژوب میں زیر تعمیر دانش سکول کی عمارت کا جائزہ

دانش سکول کی عمارت کی بروقت تکمیل انتہائی اہم اور ضروری ہے، رضا محمد رضا

دانش سکول کی فوری تعمیر ژوب کے تمام عوام اور سیاسی پارٹیوں کا مطالبہ ہے

ژوب (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے ایک نمائندہ وفد نے پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین ریٹائرڈ سینیٹر رضا محمد رضا کی قیادت میں ژوب میں زیر تعمیر دانش سکول کی عمارت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ وفد نے پراجیکٹ کے ذمہ داران سے ملاقات کی اور تعمیراتی کام کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اس بات پر زور دیا گیا کہ دانش سکول کی عمارت کی بروقت تکمیل انتہائی اہم اور ضروری ہے کیونکہ ژوب جیسے پسماندہ علاقے میں اس قسم کے جدید تعلیمی ادارے کا قیام ضلع ژوب کے طلبہ و طالبات (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

ڈویژنل ڈائریکٹر لورالائی ڈویژن کا دکی کا اچانک دورہ

لورالائی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر لورالائی ڈویژن عبدالواسع خان کاکڑ کا ضلع دکی کا اچانک دورہ، تعلیمی اداروں کا معائنہ، طلباء سے سبق سنا اور تینوں تعلیمی دفاتر کا دورہ کر کے تفصیلی بریفنگ لیدکی: ڈویژنل ڈائریکٹر لورالائی ڈویژن عبدالواسع خان کاکڑ نے سپرنٹنڈنٹ ملک نجیب اللہ خان کاکڑ کے ہمراہ ضلع دکی کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں کا معائنہ کیا، کلاس رومز کا جائزہ لیا، طلبا کے اسباق سنے اور تعلیمی سرگرمیو (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیش رفت اور حائل رکاوٹوں کے خاتمے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معیاری پبلک ٹرانسپورٹ شہریوں کے روزمرہ سفر میں آسانی پیدا کرنے کے ساتھ وقت اور سفری اخراجات میں بھی کمی کا باعث بنتی ہے

جناح میٹرو ٹرین خواتین کیلئے محفوظ سفری سہولت ہے، ربابہ بلیدی

جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس سے شہریوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آنے کے ساتھ کوئٹہ میں پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام میں بھی بہتری آئیگی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کے آغاز کو شہریوں خصوصاً خواتین کے لیے جدید، محفوظ اور بااعتماد سفری سہولت کی فراہمی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ خواتین کے لیے محفوظ اور باوقار پبلک ٹرانسپورٹ کی دستیابی ان کی تعلیم، روزگار، کاروبار اور دیگر معاشی و سماجی سرگرمیوں میں (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

گوادر میں خاتون چھ روز سے لاپتہ، بھائی کی تلاش اور صورتحال واضح کرنے کی اپیل

محنت مزدوری کرکے اپنا گزر بسر کرتا ہے، بہن کی گمشدگی نے اہل خانہ کو شدید تشویش میں مبتلا

گوادر (آن لائن) ٹی ٹی سی کالونی گوادر کے رہائشی حنیف ولد چنگا نے اپنی بہن ثمینہ کی گزشتہ چھ روز سے گمشدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے اس کی تلاش (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

لورالائی میں صفائی مہم جاری، مختلف علاقوں میں نالیوں کی صفائی اور کچرے کی تلفی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) حسیب شجاع اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محب اللہ بلوچ کی خصوصی ہدایات پر میونسپل کمیٹی کا عملہ شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے مختلف علاقوں میں صفائی آپریشن جاری رکھے ہوئے ہے۔ صفائی عملہ نالیوں کی صفائی، کچرے کو اٹھا (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا نو منتخب صدر کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری احمد گل اور عہدیداران کے ساتھ گروپ فوٹو

ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کا تحصیل آفس صحبت پور کا دورہ

تحصیل آفس میں جاری بحالی اور دیگر تعمیراتی کاموں کا بھی معائنہ

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے آج تحصیل آفس صحبت پور کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے دفتری امور اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے تحصیل آفس میں موجود ریونیو ریکارڈ اور متعلقہ دستاویزات کا تفصیلی معائنہ کیا اور ریکارڈ کی درستگی تکمیل اور باقاعدہ دیکھ بھال کے حوالے سے متعلقہ اہلکاروں سے معلومات حاصل کیں انہوں نے ریونیو سے متعلق امور کو قواعد و ضوابط کے مطابق شفاف اور بروقت مکمل کرنے کی ہدایت بھی کی ڈ (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

لورالائی ٹیچنگ ہسپتال میں آگاہی واک، دل کے امراض سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر اپنانے پر زور

لورالائی (خ ن) ورلڈ ہارٹ ڈے کی مناسبت سے لورالائی ٹیچنگ ہسپتال میں دل کے امراض سے بچاؤ، بروقت تشخیص اور صحت مند طرز زندگی کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لورالائی علی نواز جمالی، ڈپٹی ایم ا (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

اسسٹنٹ کمشنر اور ماڑہ کا گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول گزی لین کا دورہ

ضروری اقدامات اور سروس ڈلیوری میں بہتری کے لیے ہدایات جاری کیں

اورماڑہ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت نے گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول گزی لین کا دورہ کیا انہوں نے اساتذہ و طلبہ کی حاضری، تدریسی و تعلیمی سرگرمیوں، اسکول کے انفراسٹرکچر اور دستیاب بنیادی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کرتے ہوئے تعلیمی ماحول اور طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں کا مشاہدہ کیا اور اسکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی، حاضری میں بہتری اور تدریسی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اسسٹنٹ کمشنر نے اسکول (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

ڈپٹی کمشنر جعفر آباد کا گورنمنٹ گرلز ہائی سکول عبداللہ خان کنرانی کا دورہ

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول عبداللہ خان کنرانی کا دورہ کیا، دورے کے موقع پر ایف سی کے کرنل رضوان طیب، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عائشہ بگٹی سمیت دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول کے مختلف کلاس رومز اور (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

جھل مگسی کی سی آر سی فیز تھری کا اجلاس

میرٹ پر مبنی پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جا رہا ہے، کمشنر

نصیر آباد (خ ن) نصیر آباد حکومت بلوچستان کی میرٹ پر مبنی واضح پالیسی کے مطابق محکمہ تعلیم میں حقدار امیدواروں کی داد رسی اور شکایات کے ازالے کے لیے ضلع جھل مگسی کی سی آر سی فیز تھری کا اجلاس کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں ڈویژنل ڈائریکٹر سکولز محمد عظیم ساجدی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جھل مگسی قرالعین مگسی، پرنسپل ڈگری کالج نصیر آباد پروفیسر سمیع اللہ کھوسہ سمیت دیگر متعلقہ افسران نے (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

پی ٹی ایم ایل اور جی نیکسٹ کا پاکستان میں آئی فون 18 پرو سیریز متعارف کرانے کا اعلان

جدید ترین 5G سروسز اور معیاری ہینڈسیٹس کے یکجا ہونے سے صارفین کو بہترین ڈیجیٹل تجربہ حاصل ہوگا

اسلام آباد / کوئٹہ (مطیع اللہ مطیع) پاکستان کے معروف ٹیلی کام آپریٹر، پاک ٹیلی کام موبائل لمیٹڈ (پی ٹی ایم ایل) نے پاکستان میں ایپل کے مجاز ڈسٹری بیوٹر اور سروس فراہم کنندہ، جی نیکسٹ (GNEXT) کے ساتھ شراکت داری قائم کر لی ہے، جس کے تحت پاکستان میں آئی فون کی جدید ترین مصنوعات متعارف کرائی جائیں گی، جن میں آئی فون 18 پرو (ProiPhone 18)، آئی فون 18 پرو میکس (Pro iPhone 18 Max) اور ڈیوو (D U O) شامل ہیں۔ یہ شراکت داری 5 G کو سپورٹ کرنے والے موبائل فونز اور جدید (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

داہلندین کے رہائشی اللہ داد کی اپنی اہلیہ کے ہمراہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے اپیل

کوئٹہ (آن لائن) داہلندین کے رہائشی اللہ داد نے اپنی اہلیہ کے ہمراہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ نوشکی میں ہماری 7 سالہ بیٹی کے ساتھ زیادتی اور قتل میں ملوث گرفتار 3 ملزمان کے کیس کو ایس سی آئی ڈی بلوچ کوئٹہ منتقل کر کے انہیں قرار واقعی سزا دیکر ہمیں انصا (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

گورنمنٹ گرلز ہائی سکول عبداللہ خان کنرانی کا دورہ

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول عبداللہ خان کنرانی کا دورہ کیا، دورے کے موقع پر ایف سی کے کرنل رضوان طیب، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عائشہ بگٹی سمیت دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول کے مختلف کلاس رومز اور (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے نوجوانوں کے لیے ایسے مواقع پیدا کرنے پر توجہ دے رہی ہے، چیئرمین کمیٹی

بلوچستان کے نوجوان صوبے کا قیمتی اثاثہ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہیں، بلال کاکڑ

جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور انہیں باعزت روزگار کے قابل بنانے کیلئے مختلف شعبوں میں اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان صوبے کا قیمتی اثاثہ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہیں، ان کی رہنمائی، تعلیم و تربیت، پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ اور انہیں روزگار و کاروبار کے بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت بلوچستان کے اہم ترجیحی اقدامات میں شامل ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو جدید دور کے تقاضوں سے (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول شارگ میں تقریب کا انعقاد

تقریب میں حصہ لینے والے تمام طلباء میں موقع پر نقد انعامات بھی تقسیم کیے

ہرنائی (خ ن) شارگ گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول شارگ (تحصیل شارگ، ضلع ہرنائی) میں ایک پروقار، شاندار اور پرمسرت تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں اسکول کے طلباء، اساتذہ کرام، والدین، اور علاقے کی ممتاز سیاسی، سماجی و قبائلی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کا بنیادی مقصد علاقے میں تعلیم کا فروغ، مستحق طلبا کی امداد اور (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

مولانا ہدایت الرحمان کے معاون وسیم صمد کی قیادت میں وفد کی جی ڈی اے کے چیف انجینئر سے ملاقات

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کے معاون وسیم صمد کی قیادت میں ایک نمائندہ وفد جی ڈی اے کے چیف انجینئر حاجی سید محمد سے ملاقات کی۔ وفد میں اکرم فدا اور بابر شہزاد بھی شامل تھے۔ ملاقات میں نیا آباد گوادر، کنڈ اسول، چکلی، شنگلی سمیت مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی اور سیوریج کنکشن سے متعلق عوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

نوشکی شہر میں مسلح افراد کی موٹر سائیکلوں پر گشت، فائرنگ اور طارق چوک پر پولیس اہلکاروں سے اسلحہ چھیننے کی اطلاعات

نوشکی (آن لائن) شہر میں مسلح افراد کی موٹر سائیکلوں پر گشت، فائرنگ اور طارق چوک پر پولیس اہلکاروں سے اسلحہ چھیننے کی اطلاعات کے بعد شہر کی دکانیں بند ہونا شروع ہو گئیں۔ ذرائع کے مطابق نجی بینک کے سامنے فائرنگ کر کے سکیورٹی کیمرا ناکارہ بنانے کی بھی اطلاع ہے، جبکہ امن و امان برقرار رکھنے کے لیے سکیورٹی فورسز کا شہر میں داخل ہو گئے گشت کا سلسلہ جاری ہے۔ مسلح افراد کی شہر میں داخل ہونے کی اطلاع اور سکیورٹی فورسز کے پہنچنے کی صورت میں شہر خالی ہونا شروع ہو گیا (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

کمشنر کوئٹہ ذیشان لاشاری کی زیر صدارت اجلاس

فنڈز کے اجرا، لینڈ ایکوزیشن اور تجاوزات سمیت دیگر امور پر غور

شہر کی خوبصورتی اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی بھی ممکن ہو رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج (QDP) کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت، درپیش رکاوٹوں کے خاتمے اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈپٹی کمشنر ویسٹ منیر احمد درانی، پروجیکٹ ڈائریکٹر کیو ڈی پی رفیق بلوچ، ڈویژنل ڈائریکٹر ا (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج پسنی میں بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت چار روزہ تربیتی ورکشاپ

پسنی (خ ن) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج پسنی میں حکومت بلوچستان اور ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ افیئرز کے زیر اہتمام بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت چار روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں 59 سے زائد طالبات نے شرکت کی ورکشاپ کا مقصد نوجوان طالبات کی (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

پاک آرمی کی میڈیکل ٹیم کا اہم کارنامہ، گوادر میں 17 سالہ نوجوان کی کامیاب دماغی سرجری

گوادر کا رہائشی 17 سالہ سلمان ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہو گیا تھا، اہل خانہ کا اظہار تشکر

گوادر (آن لائن) پاک آرمی کی میڈیکل ٹیم نے محدود طبی وسائل اور دستیاب آلات کے باوجود پاک چائنا فرانے پر پاک آرمی کی میڈیکل ٹیم کا دلی شکریہ ادا کیا۔ اہل خانہ نے گوادر میں برچینڈ شپ ہسپتال گوادر میں 17 سالہ نوجوان کی پیچیدہ دماغی سرجری کامیابی سے انجام دے کر اس کی جان بچا لی۔ گوادر کا رہائشی 17 سالہ سلمان ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہونے کے بعد تشویشناک حالت میں پاک چائنا فرینڈشپ ہسپتال منتقل کیا گیا تھا۔ نوجوان کی حالت کے پیش نظر پاک آرمی کی میڈیکل ٹیم نے فوری طبی اقدامات کرتے ہوئے ضروری تشخیص اور (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

انتظامیہ نے ضلع بھر میں اسلحہ ڈیلرز کے کاروباری ریکارڈ اور سیکیورٹی امور کا جائزہ لینے کیلئے معائنہ مہم کا آغاز

ہرنائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی کی خصوصی ہدایت پر انتظامیہ نے ضلع بھر میں اسلحہ ڈیلرز کے کاروباری ریکارڈ اور سیکیورٹی امور کا جائزہ لینے کے لیے معائنہ مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلہ میں اسسٹنٹ